بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ایصال ثواب کی نیت سے دیے گئے قالین پر امیر، غریب سب کے لیے نماز پڑھنے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہماری مسجد میں نماز ادا کرنے کے لیے جو قالین بچھائی گئی ہیں وہ ایصالِ ثواب کی ہیں۔ امیر اور غریب دونوں کے لیے اس پر نماز ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟

**سائل:** **محمد سہیل، انڈیا**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مساجد میں جو چیزیں دی جاتی ہیں وہ نفلی صدقہ ہوتی ہیں کیونکہ واجب صدقہ (زکوٰۃ، صدقۃ الفطر، روزے یا قسم توڑنے کا کفارہ، فدیہ وغیرہ) مسجد میں دینا جائز نہیں ہوتا۔ اس لیے مساجد میں موجود اشیاء امیر، غریب سب کے لیے استعمال کرنا جائز ہے۔ آپ کی مسجد کے امیر غریب سب لوگ ان قالینوں پر بلا جھجک نماز ادا کر سکتے ہیں۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**25-جنوری 2021ء**